U102295 10-12-07.

Title - FIRHANG AWAD HINDI GHALIB.

Creator - Mohd. Ibraheem.

Publisher - Mulk Nazeer Ahmad Tajir Kutb (Lahore)

Date - N.A.

Pages - 44

Subjects - Ghalib - Maktoobaat; Awad Hindi - Firhang

فرہنگ

عودِ ہندیِ غالب

مطبوعہ

تاج بک ڈپو رجسٹرڈ

مالک

ملک نذیر احمد تاجر کتب لاہور

کشمیری بازار

فرہنگ

عود ہندیٔ غالبؔ

از

مولوی محمد ابراہیم منشی فاضل

مطبوعہ

تاج بک ڈپو رجسٹرڈ

مالک

ملک نذیر احمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

عالمگیر الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام حافظ محمد عالم پرنٹر چھپوا کر شائع کیا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرہنگ

عودِ ہندی غالب

ص ۸

شفیق ۔ شفقت رکھنے والا

مکرم ۔ معزز

ارسال ۔ بھیجنا

مسنون ۔ بطور سنّت

ذرّہ پروری ۔ غریب پروری

درویش نوازی ۔ فقیر پروری

سزاوار ۔ لائق

ستائش ۔ تعریف

ہیچمداں ۔ کچھ نہ جاننے والا

دل افسردہ ۔ بجھا ہوا دل

روانِ فرسودہ ۔ غمگین روح

لگاؤ ۔ تعلق

اشعار ۔ جمع شعر

پرواز ۔ اڈاری

خلافِ جمہور ۔ لوگوں کے منشاء کے خلاف

حق بجانب ۔ سچ کی طرف
ایزدی سروش ۔ خدائی آواز
منکہ باشم ۔ میں کیا ہوں
تعقید ۔ گرہ در گرہ ہونا ۔ پیچ در پیچ ہونا ۔
مقصود شارح ۔ شرح کرنیوالے کا مطلب ۔
غور و تامل ۔ سوچ بچار ۔
فکر سلیم ۔ سلامت و صحیح سمجھ
توجیہ ۔ تشبیہ ۔ اوّل شعر نظم
قصہ کوتاہ ۔ بات مختصر
کفش ۔ جوتا

ص ۹

مفہوم ۔ مطلب ۔
پاس وضع ۔ وضع کا لحاظ
بے تکلف ۔ بے تکلیف
منطبق ۔ ملنا ۔
حروف عطف ۔ واسطے
فرط محبت ۔ محبت کی زیادتی

بہم پہنچا ۔ میسر ہوا ۔
یاد آوری ۔ یاد آنا ۔
مہر گستری ۔ محبت پھیلانا
مخدوم ۔ آقا ۔ جس کی خدمت کی جائے
مطاع ۔ مالک ۔ پیر ۔ پیروی کیا گیا ۔
بفرض محال ۔ مان لیا کہ کبھی ۔
پاسخ گزار ۔ جواب دینے والا ۔
سخن فہمی ۔ بات سمجھنا ۔
مکرر ۔ بار بار
رجوع ۔ رغبت
یائے مجہول ۔ (ے)
یائے معروف ۔ (ی)

ص ۱۰

ازمنہ ۔ زمانے
مقتضی ۔ تقاضا کرنے والے
غیبت ۔ غائب ہونا ۔
خطاب ۔ سامنے ہونا ۔

تفرقہ ۔ اختلاف
نظائر ۔ مثالیں
رباعی ۔ دو بیتی ۔ چار مصرعوں کا بند
پرسش ۔ پوچھ
بندہ پرور ۔ غلام پالنے والا
مہربانی نامہ ۔ خط ۔ چٹھی
تکمیل ۔ پورا کرنا ۔ کامل ہونا ۔
اصل الاصول ۔ اصلی طریقے
تتبع ۔ پیروی ۔
قلیس ۔ تخلص شاعر
شایاں ۔ لائق ۔
عامیانہ ۔ عام ۔
اطفال ۔ بچے (جمع طفل)
متصدی ۔ منشی
بالاستعجاب ۔ غور سے ۔
اعوجاج ۔ ٹیڑھاپن ۔
ناوک ۔ تیر
مرغ او صافت ۔ صفوں والا پرندہ
اوج ۔ بلندی

صـ ۱۱

ناوک انداز ۔ تیر پھینکنے والا ۔
دریا لبشگافت ۔ دریا پھٹ گیا
بلقید حساب نیاید ۔ بے انداز و
حساب آیا
اساتذہ ۔ استاد صاحبان
مسلمات ۔ تسلیم شدہ چیزیں ۔
مروارید ۔ قیمتی موتی ۔
بحر و معدن ۔ سمندر و کان
والی ٹونک ۔ حاکم ریاست ٹونک
ناموس ریاست ۔ عزت
نگہداشتی ۔ تو نے خیال رکھا
جود ۔ بخشش ۔ یم ۔ سمندر
پروگیان ۔ پڑونے والے
ایثار ۔ دوسرے کی ضرورت
مقدم سمجھنا ۔
باہمدگر ۔ اکٹھے
حرمتیں ۔ عزتیں
بالقوہ ۔ قوت سے ۔

استعداد۔ لیاقت۔ قابلیت
سائل۔ سوال کرنے والے۔ محتاج
شعرا۔ جمع شاعر
ممتنع۔ ناجائز
مرفوع۔ بلند کیا جانا
اغراق — مبالغہ
تبلیغ — مبالغہ کی اقسام
غلو
قبلہ دیدہ و دل۔ دل و آنکھ کا کعبہ
تقصیر۔ گناہ
مساعدت۔ وسیلہ
تمنا۔ خواہش
حصول۔ حاصل ہونا
مانند اعادہ شباب۔ مثل جوانی کے لوٹ آنے کے ہے۔ ناممکن

صـ۱۲

وقوع۔ واقع ہونا۔
تامل۔ سوچ۔ دیر۔

احباب۔ الخاص۔ بالتخصیص۔ خاص دوست۔ خاصکر۔
رجاجات۔ شیشے
قدما۔ جمع قدیم کی۔ پرانے لوگ۔
ذوقافیتین۔ دو قافیوں والا
چوگان۔ پولو۔ ہاکی۔
دلشاد۔ دل خوش
کری۔ بہرہ پن
اناربکم عالی۔ میں تمہارا بلند ترین خدا
عاری۔ خالی۔ ننگی
مفقود۔ نہ ہونا۔
مماثل۔ ایک دوسرے کی مثل ہونا
مرجز۔ رجز میں لکھی ہوئی۔
بمقتضائے۔ شوخی۔ شوخی کی اقتضا

صـ۱۳

بالین۔ سرہانہ
ریزد۔ جھڑکنا
دود۔ دھواں

تفقد نامہ ۔ خط

لزوم مالا یلزم ۔ غیر ضروری چیز کا ضروری کرنا۔

ص ۱۴

دساتیر ۔ دستور کی جمع۔

مشترک ۔ ساجھا۔

ہیہات ۔ افسوس۔

تفسیخ ۔ توڑنا۔

سہو ۔ غلطی۔

علی التواتر ۔ پے در پے۔

بے شائبہ ۔ بے شبہ۔

عیاذاً باللہ ۔ اللہ کی پناہ۔

فتور ۔ خرابی۔

اعانت ۔ مدد۔

قرائن ۔ جمع قرینہ۔

بالاستیفا ۔ پوری پوری۔

اعادہ ۔ دُھرانا۔

نام آور ۔ مشہور۔

طبابت ۔ حکمت۔

ص ۱۵

ربط ۔ تعلق۔

حاشا ۔ ہرگز نہ

سطور ۔ سطر کی جمع۔

عم والاقدر ۔ بلند مرتبہ چچا۔

فقیر ۔ یعنی مجھ غریب

استنباط ۔ نکالنا۔

آشنا ۔ واقف۔

ہنگامہ آرا ۔ محفل کو آراستہ کرنے والے۔

احیاناً ۔ اچانک۔

عظما ۔ جمع عظیم۔

ص ۱۶

خرافات ۔ بیہودہ بکواس۔

بتقلید ۔ پیروی میں

مؤکد ۔ تاکید کیا گیا

تصرف ۔ بگاڑ نگاڑ

ص ۱۷

اساتذہ ۔ استاد کی جمع۔

بلاغ سلام۔ سلام پہنچنا۔
پرسش۔ پوچھنا۔
مقسوم۔ تقسیم کیا گیا۔
مفرح۔ خوش کرنے والی۔
مسدود۔ بند۔
معاش۔ روزی۔
کارہا...... صبر۔ صبر سے کام
آسان ہو جاتے ہیں۔
رفعت مآب۔ بلند مرتبہ۔

ص ۱۸

شاداں۔ خوش۔
مطالب۔ جمع مطلب۔ مقصد۔
فغاں۔ فریاد۔
مگس۔ مکھی۔
منکر۔ انکار۔
قدما۔ پہلے لوگ۔
متاخرین۔ پچھلے۔
تاختم۔ بھگانا۔ میں نے بھگایا۔
انگبیں۔ شربت

آز۔ لالچ۔
بادی النظر۔ سرسری نظر۔
شیر ناب۔ خالص دودھ۔
تعدیل۔ اعتدال پر رکھنا۔
حکمت، شجاعت، عفت، فضائل
انسانی ہیں۔
برہن۔ ظاہر و باہر۔
گوگرد سرخ۔ سرخ گندھک۔
نایاب ہے۔
انسلیاں۔ نہ ملنا۔

ص ۱۹

کم آزار۔ دکھ نہ دینے والا۔
فراواں۔ بہت۔
مسرت و فرحت۔ خوشی۔
قباحت۔ برائی۔
بکمال وضوح غم و اندوہ۔ غم و فکر
کا حد تک ہو جانا۔
جواز۔ جائز ہونا۔
کشف الغطا۔ غلطی کا انکشاف

اقسام ثلثہ۔ تین قسمیں۔
مقفیٰ۔ قافیہ دار۔

صـ ۲۰

بعد اتمام۔ پورا ہونے کے بعد۔
شگرف۔ عجیب۔
فقرتین۔ دو فقرے۔
کلام نص قرآنی آیات۔
مکرر۔ بار بار۔
اصحاب ثلاثہ۔ تین صاحب

صـ ۲۱

یغما۔ خوان یغما مشہور ہے۔ لوٹ
تعریب۔ عربی بنانا
تفریس۔ فارسی بنانا
متحد المزاج۔ ایک مزاج
ہائے ہوز۔ ہ
ہائے حطی۔ ح
صفحہ ضمیر۔ دل کا صفحہ۔
مخفف۔ چھوٹا کیا گیا۔
اہل خرد۔ دانشمند۔

گویا۔ کہنے والا۔
بینا۔ دیکھنے والا۔
شنوا۔ سننے والا۔

صـ ۲۲

آئمہ۔ جمع امام۔
خران ناتشخص۔ بے تمیز گدھے۔
خواہی نخواہی۔ مجبوراً۔
غولوں۔ بھوتوں۔
لفافہ نامہ۔ خط۔
حکام عالی مقام۔ بلند مرتبہ حاکم۔
بسبیل۔ بذریعہ۔ براستہ۔

صـ ۲۳

کاغذ افشانی۔ کاغذ جھاڑنا۔ لکھنا۔
متوسط۔ اوسط درجہ۔
محجوب۔ پردے میں چھپا ہوا۔
افادہ مشترک۔ باہمی فائدہ۔
عم عالی مقدار۔ بلند مرتبہ چچا۔
خلاصہ مکتوب سابق۔ پہلے خط کا نچوڑ۔

یاد آوری۔ یاد دلانا۔
مہر گستری۔ محبت پھیلانا۔
جداگانا۔ علیحدہ۔
عزم۔ ارادہ۔
ملتوی۔ تبدیل کرنا۔ ٹالنا۔
قباحت۔ برائی۔

ص ۲۴

عملداری۔ حکومت۔
بلاد شرقیہ۔ مشرقی علاقے۔
باستیفا۔ پوری پوری۔
گھاؤ۔ زخم۔
حک اصلاح۔ کانٹ چھانٹ۔
اعانت۔ مدد۔
مراسم۔ جمع رسم۔
تلطف نامہ۔ خط۔
راجع ہونا۔ لوٹنا۔
مخدوم زادہ۔ میرے آقا کے فرزند۔
والا تبار۔ بلند مرتبہ۔

ص ۲۵

قدمبوس۔ حاضر ہونا۔ ماننا۔
ہم آغوش۔ اکٹھے ہونا
ہنوز۔ ابھی
بارانِ رحمت الٰہی۔ خدا کی رحمت کی بارش۔
نیاز معتقدانہ۔ اعتقادی اسلام۔
انشاء اللہ العزیز۔ اگر بلند مرتبہ خدا نے چاہا۔
مرفی صاحب۔ ڈپٹی کلکٹر ڈپٹی مجسٹریٹ۔
حسن صورت۔ جسمانی خوبصورتی۔
حسن سیرت۔ اخلاقی عمدگی۔
مہربانی نامہ۔ خط۔
تشویش۔ دکھ۔

ص ۲۶

کاسۂ گدائی۔ فقیروں کا پیالہ۔
سنین ماضیہ۔ گزشتہ سال۔
احیاناً۔ اچانک۔ اتفاقاً۔

مندرج۔ لکھا ہوا۔
ابرام۔ ضروری۔ لابد۔
عنایت فرما۔ مہربانی فرمانے والے
ناخوشی۔ ناراضگی۔ بیماری۔

ص ۲۷

عالم ہوگیا۔ حال ہوگیا۔
سابق۔ پہلے۔
تہیدستان۔ خالی ہاتھ۔
ازراہ احتیاط۔ احتیاط کے طور پر
دودمان۔ خاندان۔
برخوردار۔ فائدہ اُٹھانے والا۔
پیام۔ سنیہہ۔
تبلیغ۔ پہنچانا۔

ص ۲۸

چہا چہا۔ کیا کیا۔
زائے ہوز۔ ز۔
منشور عطوفت۔ مہربانی نامہ۔
بندہ نوازی۔ غلام پالنا۔
مسنون۔ مروج۔ سنت کی گئی۔

ص ۲۹

ننگ آفرینش۔ پیدائشی شرمسار۔
کشتنی۔ مار ڈالنے کے لائق۔
سوختنی۔ جلا ڈالنے کے لائق۔
پائیں باغ۔ باغ کے نیچے۔
نشیمن۔ جائے سکونت۔
محابا۔ ڈر۔ پرواہ۔
افادت مآب۔ فائدہ مند۔
تالیف۔ لکھا جانا۔
تردد۔ فکر۔
معہذا۔ اس کے ساتھ ہی۔
سلمہ اللہ تعالیٰ۔ خدا اُسے سلامت رکھے۔
فراہم۔ اکٹھا۔
کلیات منظم۔ تحریرات نظم۔
معیوب۔ عیب دار
اغراق۔ مبالغہ
بعد انطباع۔ چھپنے کے بعد
اغلاط۔ جمع غلط کی۔

اشتیاق روز افزوں۔ روز بڑھنے والا شوق۔
افتتاح کلام۔ بات کا کھلنا۔
درخود۔ قابل۔

صـ۳۰

تخمیس۔ مخمس کرنا۔
ندامت۔ شرمندگی۔
عرق ریز۔ سخت۔
آموزگار۔ سکھانے والا۔
والد۔ استاد۔
طول عمر۔ لمبی عمر۔
دوام۔ ہمیشگی۔
اتمام۔ پورا ہونا۔
مہر نیم روز (نام کتاب) شمس نصف النہار

صـ۳۱

از راہ تکریم و تذلیل۔ بکرمت عزت کے طور پر
ہنگامہ سور۔ خوشی کا وقت
واماندگی۔ کمزوری

فروگزار۔ چھوڑ۔ معاف کر۔
مستعار۔ اُدھار۔
تقصیر۔ قصور۔ کوتاہی۔
اضطرار۔ بے چینی۔
بلاد۔ شہر۔
اموات۔ جمع موت کی۔

صـ۳۲

روش۔ ڈھنگ۔ طرز۔
سزاوار۔ لائق۔
دریغا۔ افسوس۔
دودمانی۔ خاندانی۔
پارچہ۔ کپڑا۔
مالائے مروارید۔ موتیوں کی مالا۔
اعضا و جوارح۔ جوڑ اور حصے
ولولہ شباب۔ جوانی کا جوش۔
کف الخضیب۔ خضاب والی ہتھیلی۔
صور۔ جمع صورت۔
اختر شناس۔ نجومی۔

کتان۔ سن کی قسم کا بنا ہوا کپڑا۔
پرتو ماہ۔ چاند کی روشنی۔
زمرد۔ سرخ رنگ کا پتھر۔
افعی۔ پھن والا سانپ۔ ناگ۔
مسکا۔ کھسکا۔
کراب۔ خنجر۔

ص ۳۳

گذرانے۔ پیش کئے۔
منطبعہ۔ غور سے۔
بے میل۔ بے حسد و دکھ
احتمال۔ شک۔

ص ۳۴

امکنہ۔ جمع مکان کی۔
اجرا۔ جاری ہونا۔
گور۔ قبر۔
انجاح مقاصد
خوشنود۔ خوش۔
نوید۔ خوشخبری۔
خانہ کوچی۔ گھر صاف کرنا۔

گریز پائی۔ بھاگ جانا۔
قلزم خون۔ خون کا سمندر۔
شناور۔ تیراک۔

ص ۳۵

نفس مطمئنہ۔ تسلی یافتہ نفس۔
معتقد۔ اعتقاد رکھنے والا۔
افراط ضعف۔ کمزوری کی زیادتی۔
ژرف نگاہی۔ گہری نظر۔
اختر۔ ستارہ۔
نصاب۔ سلسلہ۔
قدسی صفات۔ پاکیزہ خوبیاں۔
خارج بحث۔ بحث سے باہر۔
مرگ ناگاہ۔ اچانک موت۔
سکرتر۔ عہدہ ہے۔

ص ۳۶

بصلہ مدح گستری۔ تعریف
کرنے کے بدلہ میں
ربی کش۔ تربیت کرنے والے
کا مارنے والا

محسن سوز۔ احسان کرنے والے
کو جلانے والا۔
وقوعی۔ واقع ہونے والی۔
آمادۂ رحیل۔ کوچ کرنیکی تیاری۔
افسانۂ ما۔ ہمارا قصہ۔

ص ۳۷

اضمحلال قویٰ۔ قوتوں کی کمزوری۔
پیشِ نظر۔ بدِ نظر۔
بے کلاہ۔ بغیر ٹوپی۔
مقتضی۔ تقاضا کرنے والا۔
عزیمت۔ ارادہ۔
افضا پذیر۔ پوری ہونا۔
گاہ گاہ۔ کبھی کبھی۔
بشرطِ حیات۔ اگر زندہ رہا تو۔
توقیع۔ مہر۔
کلکش۔ اسکی قلم۔
ملک۔ ملکیت۔

ص ۳۸

ممتنع۔ مشکل۔

خرق عادت۔ عادت کے خلاف۔
مسلمات جمہور۔ عام مانی
ہوئی باتیں۔
متعلق۔ لگی ہوئی۔
خدوخال۔ رخسارہ وتل۔
مسافت بعیدہ۔ دور کی منزل۔
معلول۔ علت دیا گیا۔
علت۔ وجہ۔ بیماری۔ عنوان۔
ادعا۔ دعوے۔
بینوایاں۔ غریب۔
زیر قصر۔ محل کے نیچے
فضائل اربعہ۔ انسانی چار فضیلتیں
تفحص۔ حال پوچھنا۔

ص ۳۹

حفظ ناموس۔ عزت کی حفاظت۔
کار برآری۔ کام نکالنا۔
قالب معلیٰ۔ اعلےٰ جسم۔
سرافرازی۔ عزت
ناسازی۔ ناموافقت

حصول صحت ۔ صحت حاصل کرنا
تمیر ۔ تیمور ۔ (کھجور)
تمنا ۔ خواہش ۔
نہار ۔ دن کا کھانا ۔
بین الطعامین ۔ دو کھانوں کے
درمیان ۔

ص۱۴۰

متحمل ۔ برداشت کرنے والا ۔
مفہوم ہوا ۔ سمجھا گیا ۔
بعارضہ تپ ۔ تپ کی بیماری ۔
رنجور ۔ بیمار ۔
ضعف ۔ کمزوری ۔
سودا زدہ ۔ مجنون ۔
جناب ایزدی ۔ خدا تعالیٰ ۔
آموزگار ۔ سکھانے والا ۔ والد ۔
ضعف اشتیاق ۔ اشتیاق
کے اقسام ۔
العف احترام ۔ بہت عزت ۔
معرف ۔ تعارف کرانے والا ۔

ناتوانیہا ۔ کمزوریاں

ص۱۴۱

صغراہی ۔ چھوٹی ۔
کبرئی ۔ بڑی ۔
ہیہات ۔ افسوس ۔
مشوش ۔ خراب
بصر ۔ بینائی ۔
سعادت توام ۔ پوری نیک بختی ۔
دیدے ۔ آنکھیں ۔
نگارش ۔ لکھائی ۔
خوبان ۔ خوبصورت لوگ ۔
کارت ..... خواہی ۔ جیسے تو
چاہتا ہے ۔ تیرا کام ویسا ہی ہو ۔
خدام ۔ خادم کی جمع ۔
خادم نواز ۔ خادم کو پالنے والا ۔
تفقد نامہ ۔ خط ۔

ص۱۴۲

التفات ۔ توجہات
موجب مباہات ۔ بخششونکا سبب

لسان ۔ زبان ۔
پیرزالاں ۔ بڑی بوڑھی عورتیں ۔
سخنور ۔ شاعر ۔
مسلم الثبوت ۔ لائق ۔
ہمچشم ۔ برابر کا ۔
نغزگوئی ۔ غزل ۔ ترانہ کہنا ۔
پسندیدہ جمہور ۔ لوگوں کو
پسند ۔
باایں ہمہ ۔ باوجود اسکے ۔
منہ کی کھاتا ہے ۔ شرمندہ ہوتا
ہے ۔
دستگاہ ۔ لیاقت ۔
روش ۔ طریقہ ۔

صہ ۴۳

بعینہ ۔ ہو بہو ۔ نژاد ۔ خاندان
انتقام کشیدن ۔ بدلہ لینا ۔
کریم ۔ کرم کرنیوالا ۔ رحیم ۔ رحم کرنیوالا ۔
بشیر ۔ خوشخبری دینے والا ۔
سمیع ۔ سننے والا ۔

بصیر ۔ دیکھنے والا ۔
کلیم ۔ کلام کرنے والا ۔
تردد ۔ فکر ۔
آفرید ۔ پیدا کیا ۔

صہ ۴۴

صاحب فراش ۔ بستر پر ۔
حاجتی ۔ پیشاب کرنیکی جگہ ۔
صعوبت ۔ دُکھ ۔
ساعد ۔ کہنی ۔
پاپشت ۔ ایڑی ۔
جراحت ۔ چیر پھاڑ ۔
جز ۔ حصّہ ۔
مجمل ۔ اختصار ۔
تفاوت ۔ فرق ۔
اشخاص متعدد ۔ کئی آدمی ۔
مبدع ۔ ایجاد کرنے والا ۔
قالب سخن ۔ سخن کا جسم ۔

صہ ۴۵

اقران ۔ قرینے ۔

وغیرہم - وغیرہ وغیرہ -

دارالضرب - ٹکسال -

جنس گراں - مہنگی جنس -

خواہاں - چاہنے والا -

شہود و آلام - دردیں - سوجن -

اوجاع - دردیں -

تحلیل ہوگئی - مٹ گئی - گھل گئی

نشست و برخاست اُٹھنا بیٹھنا

ص۴۶

جہاں گرد - جہاں میں پھرنے والے -

لآلی انجم - ستاروں کے موتی -

لولی سما - آسمانی موتی -

وارے - قربان کرے -

انجام کار - آخری نتیجہ -

احباب - دوست

ص۴۷

تمنائے دیرینہ - پرانی خواہش -

موقر و معزز - وقار و عزت والا -

معلم فرومایہ - کم لیاقت عالم -

ناآشنا - ناواقف -

منشآت - نوشت -

غول - بھوت -

مسند نشیں - گدی نشین -

آپ کے قدم دیکھتا ہوا - ملتا ہوا -

ارادہ قوت سے فعل میں نہ آیا - ہاتھ سے پورا نہ ہوا -

استدعا - درخواست -

ہرزہ سرائی - بکواس -

ص۴۸

پوزش - پرورش -

مجو - نہ ڈھونڈ -

تحسین طلب - آفرین چاہنے والا -

محصور - گھیرا ہوا -

سخن گستری - اشاعت سخن -

بے تامل - بے سوچے سمجھے -

یکسر - بالکل - مکرر - پھر

حرز بازو۔ بازو کا تعویز۔

ص ۴۹

مِلک۔ ملکیت۔
ارمغاں۔ تحفہ۔
پیش گاہ۔ حضور۔
منضج۔ جوڑ۔
مسہل۔ دست دلانیوالی دوا۔
تملق۔ وقت۔
حک و اصلاح۔ کانٹ چھانٹ۔
قبلہ و کعبہ۔ عزت کا مقام۔
اضداد۔ خلاف تاثیر چیزیں

ص ۵۰

انشراح و انقباض۔ کھولنا۔ بند کرنا۔
ہم طالع۔ ہم قسمت۔
قلمرو۔ حکومت۔
اسیر۔ قیدی۔ بند۔
الٰہی...۔ قیامتہ۔ تحقیق تیری جدائی میں دنیا کو قیامت جانتا ہوں۔
مور وستمہا۔ ظلموں کی جائے وارد

ساطع۔ روشن۔
قلق۔ دکھ۔
منتظر سعد۔ امیدوار۔

ص ۵۱

ناوک بیداد۔ بے فریاد تیر۔
معہذا۔ اسکے ساتھ ہی۔
خرافت۔ بیہودگی۔
ارباب ہوش۔ عقلمند۔
وجد۔ مست ہو کر جھومنا۔
جہاں تاب۔ جہاں کو روشن کرنیوالا
تبرید شعد بل۔ عدل کرنے کو ٹھنڈا کرنا۔
تنقیہ۔ علاج ہے۔

ص ۵۲

نوازش نامہ۔ خط۔
مکرمت نامہ۔ خط۔
پاسخ نگار۔ جواب لکھنے والا۔
سہو۔ غلطی۔ لغزش۔

صـ۵۳

متوقع ۔ توقع کرنے والا۔

مشوش ۔ غمگین۔

تشویش ۔ دکھ۔

بجنسہ ۔ ویسا ہی۔

صـ۵۴

استبعاد و استعجاب ۔ دور کی عجیب چیز۔

تگرگ ۔ اولے۔

محل استعجاب ۔ حیران ہونے کا موقع

بالانفراد ۔ خود۔

مجمع البحار ۔ سمندروں کا ہجوم۔

منشور ۔ مضمون۔

جانکاہ جانگداز ۔ جان کو گھٹانے والا، پگھلانے والا۔

مسطر ۔ رولر۔

صـ۵۵

بہر نمط ۔ بہر حال ۔ بہر کیف۔

مژدہ ۔ خوشخبری۔

ساغر التفات ۔ توجہوں کا سمندر۔

فقدان اسباب ۔ اسباب کا نہ ہونا۔

عدم رسد ۔ سامان کا نا مہیا ہونا۔

عقرب ۔ بچھو ۔ سوئی گھڑی کی۔

ممر ۔ راستہ۔

صـ۵۶

قران نحسین ۔ دو ستاروں کا ملنا۔

ایراد ۔ وارد ہونا۔

معتقد ۔ اعتقاد رکھنے والا۔

نوازشنامہ ۔ خط۔

صـ۵۷

فرمان طلب ۔ بلانے کا حکم۔

متردد ۔ فکرمند۔

توکلت علی اللہ ۔ اللہ پر بھروسہ کرتا ہوں۔

مہرکن ۔ مہر کرنے والا۔

صـ۵۸

خفقان ۔ مراق ۔ بیماریاں ہیں۔

خلقت ۔ پیدائش۔
عزیزاں بفر وختہ ۔ مسافر تعلقدار۔
مقدور ۔ طاقت ۔
انگرکھا ۔ کرتہ ۔

ص۵۹

پے بہ پے ۔ متواتر۔
مستسقی ۔ پیاس کی بیماری لگنے سے

ص۶۰

دستگاہ ۔ لیاقت ۔
دلریش ۔ دل زخمی ۔
خجلت ۔ شرم ۔
مورد عتاب غصہ کا مقام۔
دھومی ۔ دھم کی۔
ناسود مند ۔ بے فایدہ ۔
اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن تحقیق
ہم اللہ کے ہیں ۔ اور اسی کی طرف
لوٹ کر جانا ہے ۔

ص۶۱

تفحص ۔ بیان۔

موہوم ۔ وہمی۔
شب رفتہ ۔ گزشتہ رات۔
گزند ۔ خرابی نقصان
ابر تنک ۔ چھوٹا بادل چھپا ہوا ۔
جلیس ۔ ہمنشیں ۔
خوشنود ۔ خوش ۔
متفرع ۔ پھیلے ہوئے ۔
مجد وعلا ۔ بلند درجہ

ص۶۲

ممنون و شاکر ہوئے احسانمند
شکرگزار ۔
مسایہ الفیاض ۔ فیضوں
کی جگہ ۔
اشرف الوکلا ۔ وکیلوں کا بڑا ۔
قرم ساق ۔ نکمے ۔
نوید تخفیف تصدیع ۔ تکلیف کم
ہونے کی خوشخبری ۔
مجدت نشان ۔ عالیشان

صـ ۶۳

متعارف ۔ ملتی ہوئی ۔
فلک رفعت ۔ آسمان جیسی بلندی
ستائش ۔ تعریف ۔
تفتہ ۔ جلتا ہوا ۔ تخلص ہے ۔

صـ ۶۴

سبو ۔ سبب ۔
زنخدان ۔ ٹھوڑی ۔
عدو کش ۔ دشمن کو مارنے والی ۔
نالہ شبگیر ۔ پچھلی رات کا
رونا چلانا ۔
مضموم ۔ ضمہ دیا گیا ۔
متقدمین ۔ پہلے لوگ ۔
متاخرین ۔ آخری لوگ ۔
قسبہ ۔ ڈبی ۔ کمرہ ۔

صـ ۶۵

دار السرور ۔ خوشی کا گھر ۔
بے شبہ ۔ بے شک ۔
سوت ۔ نالی ۔

بے وسواس ۔ بے پرواہ ۔
دقیقہ فرو گذاشت ۔ کسر چھوڑنا ۔

صـ ۶۶

حظ ۔ لطف ۔

صـ ۶۷

گت ۔ حالت ۔
ترشح ۔ بوندا باندی ۔
سلطان العلماء ۔ عالموں کے بادشاہ
مجتہد العصر ۔ زمانے کے مجاہد ۔
عالم آب و گل ۔ یہ عالم دنیا ۔
عالم ارواح ۔ روحوں کی دنیا ۔
روبکاری ۔ بیان مقدمہ ۔
دوام حبس ۔ ہمیشہ کی قید ۔
زندان ۔ قید خانہ ۔
بلاد شرقیہ ۔ مشرقی علاقے ۔
پایان کار ۔ آخر کار ۔
گریز پا ۔ بھاگ جانے والا ۔
فگار ۔ زخمی ۔
یک قلم زائل ۔ فوراً زائل ۔

زاویہ زنداں۔ قید کا کونہ۔
احتمال۔ شک۔

ص ۶۸

دلدادہ۔ عاشق۔
آزرزم۔ ہمدردی۔
خود مدہوش۔ بہو۔
برتے پہ۔ دلیری پہ۔
تنا پانی۔ تکلیف۔
شرح۔ کھول کر۔
مفصل۔ تھوڑا۔
معاش۔ روزی۔
نورِ چشم۔ بیٹا۔
بوئے پیراہن۔ کرتے کی بو۔
اختلاط۔ ہوش۔

ص ۶۹

ہمہ اوست۔ سب خدا ہی خدا ہے۔
ہما۔ معزز۔ بڑا۔
سرمایہ آرائش گفتار۔ کلام کو زینت
دینے کا سرمایہ۔

آنچ۔ مدھم آگ کی لاٹ۔
ایک گونہ۔ ایک طرح کی۔

ص ۷۰

کاغذ افشانی۔ خط ڈالنا۔
حفظ مراتب۔ عہدوں کا خیال
پیرزادہ۔ پیر کا بیٹا۔

ص ۷۱

نورِ چشم۔ آنکھوں کا نور۔ بیٹا۔
نگراں۔ دیکھنے والا۔
توضیح۔ واضح کرنا۔

ص ۷۲

پرسش مزاج۔ مزاج پوچھنا۔
استفسار۔ پوچھنا۔ دریافت کرنا۔
یوم تعطیل۔ چھٹی کا دن
استنباط۔ نکالنا۔
دہندہ۔ دینے والا۔

ص ۷۳

تقفد۔ عرضی۔
خوشنود امن۔ [illegible]

امام ضامن علیہ السلام کا روپیہ۔ تعویذ کے طور پہ بندھتا ہے۔

زنہار۔ یاد رکھنا۔ کبھی نہ اٹھانا۔

صفحہ [illegible]

مشایعت۔ الوداع۔

کھیل بگاڑنا۔ کام خراب کرنا۔

منطق۔ علم کلام۔

فارغ البال۔ خوشحال۔

سحر سازی۔ جادو۔

خشت۔ اینٹ۔

زوجہ۔ بیوی۔

صفحہ [illegible]

دائر۔ دورہ کرنے والے

سائر۔ پھرنے والے۔

اشتیاق بھرا لہجہ۔ شوق بھرا لہجہ۔

عملداری۔ حکومت۔

علی العموم۔ عام طور پر۔

صفحہ [illegible]

ادخال جبریہ۔ جبراً داخل کرنا

بے مقدوری۔ کمزوری۔

افلاس۔ غربت۔

آتش شوق۔ ذوق کی آگ۔

صفحہ [illegible]

ڈھب۔ طریقہ۔

جلے پھپھولے پھوڑنا۔ خفا ہونا۔

صفحہ [illegible]

دودمان۔ خاندان۔

نعم البدل۔ بے نظیر نعمت۔

سرایت۔ اثر۔

طعم۔ ذائقہ۔

قوام۔ شیرہ۔

صفحہ [illegible]

معاودت۔ واپس آنا۔

تقصیر۔ قصور۔

سنوئی۔ اجنبی۔

بجز۔ محض۔ بے بسی کر۔

اسماع۔ سننے والا۔

صہ ۸۰

پاسبانی ۔ رکھوالی، چوکیداری۔

اقامت کا مدار ۔ رہنے کا موقوف۔

جمعدار ۔ عہدہ ہے۔

الملک اللّٰہ ۔ ملک اللّٰہ کا۔

اخراج ۔ نکالنا۔

صہ ۸۱

کما حقہ ۔ ویسے ہی جیسا کہ چاہیے۔

للرحمٰن الطافِ خفیہ ۔ پوشیدہ مہربانیاں رحمان کی۔

یکمشت ۔ ایک بار۔

بطرز مناسب ۔ ٹھیک طور پر۔

اجرا ۔ جاری کرنا۔

صہ ۸۲

کج رفتار ۔ ٹیڑھی چال والا۔

جاہ و جلال ۔ مرتبہ۔

توشہ ۔ سامان۔

بے نوا ۔ غریب، بیکس۔

فراہم ۔ اکٹھے۔

تلافی ۔ کمی پوری کرنا۔

دیر آید درست آید ۔ دیر سے آیا درست آیا۔

مغتنم ۔ غنیمت دینے والا۔

دائم الحبس ۔ ہمیشہ کی قید۔

صہ ۸۳

تردد ۔ فکر۔

آبرو ۔ عزت۔

تفحص ۔ پتہ۔

استحقاق ۔ حق۔

سابقہ معرفت ۔ پہلی واقفیت۔

حکام ۔ جمع حاکم کی۔

قصاص ۔ خون کا بدلہ۔

صہ ۸۵

کیش ۔ عقیدہ۔

جور پا ۔ پاؤں کا ظلم۔

مروج ۔ رواج پایا ہوا۔

دید و دانستہ ۔ عقل و سمجھ۔

شیاد۔ روشنی۔
منبع العلوم۔ علوم کے نکلنے کی جگہ
دفع التباس۔
ہر آئینہ۔ ہر طرح۔
عظمائے عرب۔ عرب کے بڑے لوگ۔
مستحسن۔ اچھا۔

صـ ۸۶

صافیاں۔ کپڑے۔
خس۔ ایک قسم کی گھاس
ابر بے باراں۔ بغیر بارش کے بادل۔
مخمل۔ کپڑا۔

صـ ۸۷

شہر خموشاں۔ قبرستان۔ بسر گیا۔ ختم ہوگیا
زیر باری۔ قرض۔
روسیاہیاں۔ شرمندگیاں۔
مرگ ناگہانی۔ اچانک موت۔
کسر شان۔ بے عزتی۔

صـ ۸۸

غائت۔ حد۔
مساعدت۔ مدد، موافقت۔
واللہ علیٰ کل شیءٍ قدیر۔ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔
پاس الفت۔ الفت کا لحاظ۔
جہت و سمت۔ وجہ و طرف۔
لق و دق۔ بیابان۔
نشیب۔ ڈھلوان۔
گوہر نایاب۔ نہ ملنے والا موتی۔
مغموم۔ غمگین۔
بادہ گلفام۔ پھول کے رنگ کا شربت۔
جام و سبو۔ پیالہ اور صراحی۔
مردود۔ رد کیا ہوا۔

صـ ۹۱

عوارض چشم۔ آنکھ کی بیماری۔
عمل فعلیہ۔ سیاسی۔
پت رہ گئی۔ عزت رہ گئی۔
دار و گیر۔ پکڑ دھکڑ۔

اسد الٰہی۔ خدائی شیر۔
یدالٰہی۔ خدا کا ہاتھ۔
شکوہ۔ شکایت۔
عتاب۔ غصہ۔ رنج۔

ص ۹۲

رو سیکم۔ اپنے سر۔
تبرید۔ صبح کا ٹھنڈا شربت۔
عزیزداری۔ عزیز رکھنا۔
خرافات۔ بیہودہ

ص ۹۳

بیت الخلاء۔ ٹٹی۔
واردات۔ کام۔
دم ناک میں کر دیا۔ تنگ کیا۔
تقاضا۔ جھگڑا۔
گذر گیا۔ مر گیا۔
صالح۔ نیک۔
مدارالمہام۔ اعلےٰ افسر مہموں کا۔
قلم انداز۔ لکھ۔
تتبع۔ پیروی۔

تعزیت۔ افسوس۔ ماتم پرسی۔
تہنیت۔ مبارکبادی۔

ص ۹۴

کثرت اندوہ۔ غم کی کثرت
یاس کا عالم۔ ناامیدی کی حالت
آتش بے دود۔ بغیر دھوئیں کے آگ۔
آتش سیال۔ شراب۔
تاپنا۔ سینکنا۔

ص ۹۵

رگ و پے۔ نسوں۔
تشنہ لب ہائے۔ پیاسے۔
مرافعہ۔ مقدمہ۔
یوسف دہر۔ زمانے کا یوسف۔
یوسف عصر۔ زمانے کا یوسف۔
کشور۔ ولائت۔
ستم۔ ظلم۔
برپا۔ مچا۔
ہفت کشور۔ سات ولائتیں۔

ڈھکوسلا۔ مکر۔ فریب۔
مرتا ہوں۔ عاشق۔
عاشق زار۔ تنگ کرنے والا عاشق
بندہ مہر و وفا۔ محبت و وفاداری کا غلام
شورش۔ دکھ بین۔
نعل در آتش۔ آگ میں نعل یعنی
غرہ۔ پہلی۔ یکم۔ دو کھیاں
صفحہ ۹۶
مجملاً۔ اختصار کے طور پر۔
ہنگامہ۔ شور۔ فتنہ۔
انہدام۔ گرانا۔
جمیع حالات۔ تمام حالات۔
ان کال۔ خشکی کا کال۔
تسلیم۔ ماننا۔ جھکنا۔
توکل۔ بھروسہ۔
شیوۂ صوفیہ۔ صوفیہ کا طریقہ۔
لا موثر فی وجود۔ وجود میں اثر
نہ کرنی۔
خبر گرم ہے۔ عام خبر اطلاع ہے۔

مرحلے۔ منزلیں۔
ملتوی۔ ٹال کر۔
سبک سیر۔ تیز چال۔
صفحہ ۹۷
ثبات قدم۔ ثابت قدمی۔
مضطر۔ بے چین
بے تکلف۔ بے تکلیف کے
سخن گستری۔ بات پھیلانا
صفحہ ۹۸
زیست۔ زندگی۔
غم گیتی۔ دنیا کے رنج و الم۔
برحق۔ ٹھیک
غمخوار۔ ماتم پرسی
سالک۔ چلنے والا۔
مجہول۔ نامعلوم۔
مسکن۔ جائے رہائش
صفحہ ۹۹
نوید۔ خوشخبری۔
مہر انگیز۔ محبت پیدا کرنے والے۔

عَلم بیکسی۔ بینوائی کا غم۔
اثنا عشری۔ شیعہ۔
باسمہی۔ نام دیا گیا۔

ص۱۰۰

مطالب و مقاصد۔ مطلب و مدعا۔
تزئین۔ سجاوٹ۔
باجمال۔ مختصر۔
مطبع۔ چھاپہ خانہ۔
عالمتاب۔ دنیا کو روشن کرنے والا۔

ص۱۰۱

متقاضی۔ تقاضا کرنے والا۔
درنگ۔ دیری۔
سماعت۔ سننا۔
نسیان۔ بھول جانا۔
متاع۔ سامان۔

ص۱۰۲

نوید قبول۔ منظوری کی خوشخبری۔
باصواب۔ اچھی طرح۔
روزافزوں۔ روز بڑھتی ہوئی۔
لوحیں۔ تختیاں۔

ص۱۰۳

عدم سابقہ معرفت۔ پہلی معرفت نہ ہونا۔
قبل ازیں۔ اس سے پیشتر۔
محسن۔ احسان کرنے والا۔
مربی۔ تربیت کرنے والا۔
مشفق۔ دوست۔
رافتہائے۔ مہربانیاں۔

ص۱۰۴

مشکبار۔ مشک برسانے والی۔
شعاع آفتاب۔ سورج کی کرن۔
پشتارہ۔ ڈھیر۔
ڈھیل۔ دیری۔
تعجیل۔ جلدی۔
نوبت۔ باری۔
ازراہ کرم و اعزاز۔ عزت و احترام کے طور پر۔
آگہی۔ پتہ۔ اطلاع۔

صـــ ۱۰۵

اجماع - اکٹھے ہونا۔
آمیزش - ملاوٹ۔
مراسلہ - خط۔
مکالمہ - بات چیت۔
ہجر و وصل - جدائی۔ ملاپ۔
مرتب - تیار ہو گئی۔
مہتمم - اہتمام کرنے والا۔
زمزمہ - راگ۔
نگرانی - دیکھنا۔
صلہ - بدلہ۔

صـــ ۱۰۶

رہزن - ڈاکو۔
دلستان - دل لیتے ہوئے۔
دلستانی - دلبر۔ دل لینا۔
غزل سرا - غزل گانے والا۔
رقیب - دشمن۔ مدمقابل۔
پس و پیش - آگے پیچھے۔
عقدہ - گرہ۔

سررشتہ - حلقہ۔

صـــ ۱۰۷

فرحت فرجام - خوشی دینے والا۔
برمحل - برموقع۔
آرزو برآئی - آرزو پوری ہوئی۔
ائمہ اطہار - پاکیزہ امام۔
امان - پناہ۔
بن آئی - ہوگئی۔
داد دینا - شاباش کہنا۔
شتاب - جلدی۔

صـــ ۱۰۸

غم و اندوہ - رنج والم۔
درخور افشائش - زیادتی کی عادت
مغتنم - غنیمت دیا گیا۔
گریہ سحری - صبح کا رونا۔
آہ نیم شبی - آدھی رات کی آہیں۔
اسلوب - طریقہ۔
مرحبا - مبارکباد۔
سفینہ - کشتی

کف دست۔ ہاتھ کی ہتھیلی۔
خامہ انگشت بدنداں۔ انگلی دانتوں میں۔

ص۱۰۹

حجر الاسود۔ سیاہ پتھر مکہ کا۔
دیوار حرم۔ مکے شریف میں (کعبہ)
صومعہ۔ حجرہ
خشتِ خُم صہبا۔ شراب کے مٹکے کی اینٹ۔

ص۱۱۰

آستان یار۔ دوست کی دہلیز۔
خورشید۔ سورج۔
داغ نہاں۔ پوشیدہ غم۔
سبکدست۔ تیز۔
سنگ گراں۔ بھاری پتھر
انداز بیان۔ کلام کا ڈھنگ۔
منصبہائے۔ عہدے۔
خطیر۔ بہت۔

ص۱۱۱

منصفی۔ ججی۔
چشم بد دور۔ بری آنکھ دور
نامہ و پیام۔ خط و پیغام۔
برسر گفتار۔ بولنے پر۔
رفع آزار۔ دکھ دور کرنا۔
صادق۔ سچا۔
سرگراں۔ حیران۔

ص۱۱۲

نظر افروز۔ نظر روشن کرنے والا۔
بزم احباب۔ دوستوں کی بزم۔
طرحدار۔ وضع دار۔
ربط۔ تعلق۔ ملاپ۔
کشیدہ قامت۔ بلند قد۔
دیدہ ور۔ سمجھ دار۔
ستائش۔ تعریف۔
مُسّی۔ مونچھ۔
مرقومہ۔ خط۔
ص۱۱۳ توقع۔ امید۔

غم افزا - غم بڑھانے والا۔
سرِ دفتر - دفتر کے اعلیٰ افسر۔
پیشوا - لیڈر۔
ستم پیشہ - ظلم پیشہ

ص ۱۱۴

عشقِ مجازی - عام عشق۔
شباب - جوانی۔
زہد و ورع - پرہیزگاری۔
فسق و فجور - بدکلامی۔
اشک فشانی - آنسو برسانا۔
مغفرت - بخشش۔
تقویم - جنتری۔
پارینہ - پرانی۔
تضمین - مضمون بنانا۔
ہمہ جہت - ہر طرح۔

ص ۱۱۵

تسخیر - تباہ۔ مطیع۔ قابو۔
استغاثہ - فریاد۔
بے حرمتی - بے عزتی۔

کرامت - طریقہ۔
عیال و اطفال - عورتیں و بچے۔
ذکرِ خیر - اچھا ذکر۔
ثبت - نقش۔
جریدہ - دفتر۔
عطوفت نامہ - مہربانی نامہ۔
صاحبِ فراش - بیمار۔

ص ۱۱۶

اسہال۔ لقوہ۔ فالج بیماریاں ہیں۔
کدورت - گہرائی۔
احراق - بیماری۔
بے خور و خواب - بے خوراک و نیند۔
سخت جانی - سختیاں برداشت کرنا۔
ناتواں - کمزور۔
پرسش - پوچھ۔
ممنون - احسان مند۔
فتوحِ جدید - نیا اجرا
عتاب - سختی۔

ص ۱۱۷ شاداں - خوش۔

مرحمت کریں۔ دے دیں۔
تسلی خاطر۔ دل کی تسلی۔
مول لینا۔ احسان مند بنانا۔
صفائی ضمیر۔ دل کی صفائی۔
کشف حجب۔ پردے کا کھلنا۔
راز سربستہ۔ خفیہ راز

صـ ۱۱۸

معیت۔ ساتھ۔
عرائض۔ جمع عرضی کی۔
پارہ ابر۔ بادل کا ٹکڑا۔
کشت خشک۔ خشک کھیتی۔
سپاس گزار۔ شکر گزار۔
ملفوف۔ لکھی ہوئی۔
معاً۔ فوراً۔

صـ ۱۱۹

جگر کاوی۔ دل گھٹانا۔
جلا لیجئے گا۔ زندہ کر لیجئے گا۔
قبلہ حاجات۔ ضرورتوں کے
پورا کرنے والا۔

نہال۔ پودہ۔
بر۔ میوہ۔
مرسل الیہ۔ جسکی طرف خط لکھا جائے۔
ناآشنا۔ غیر۔
مامور۔ مقرر۔
خاطر اقدس۔ دل پاک۔
ابر بہمن۔ بہار کا بادل۔

صـ ۱۲۰

رسیدگان۔ لے جائے گئے ہوئے۔
استغنا۔ فراخ دلی۔
بامید مرگ۔ موت کی امید سے
اوہام۔ جمع وہم کی۔

صـ ۱۲۱

پیشکش۔ سامنے تحفہ۔
رد و قبول۔ منظور کرنا یا نا منظور کرنا
فلک۔ آسمان۔
یاد دہی۔ یاد دلانا۔
تفرقہ۔ جدائی
تحویل حافظہ۔ حافظہ میں گردان

صہ ۱۲۲

اخوان الصفا۔ صاف دل بھائی۔
بسر حد تقاضا۔ جھگڑے تک۔
امر کبیر۔ بڑا معاملہ۔
خاطر آشوب۔ دلکو تنگ کرنیوالا۔
نساخ۔ بننے والا۔

صہ ۱۲۳

افزائش عنایت۔ مہربانیوں کی زیادتی۔
عطیہ کبریٰ۔ بڑی بخشش۔
موہبت عظمیٰ۔ بڑی بخشش۔
دروغگو۔ جھوٹا۔
عقبیٰ۔ آخرت۔
اندوہ۔ غم۔
خامہ فرسائی۔ لکھنا۔
گھائل۔ زخمی۔
ناکامی جاوید۔ ہمیشہ کی ناکامی۔
ہرزہ گوئی۔ بکواس۔
صہ ۱۲۴۔ ہادی۔ ہدایت کرنے والا۔

فیض مآب۔ فیض پانے والا۔
کورنش۔ سلام۔
زہرآب ہونا۔ ڈر جانا۔ پتا پھٹ جانا۔
صدائے صور۔ بانسری کی آواز۔
ندرت۔ کمیابی۔

صہ ۱۲۵

فرمان پذیر۔ حکم بردار۔
انطباع۔ چھپنا۔
ارمغاں۔ تحفہ۔
کفیل۔ کافی۔ ذمہ دار۔
خارج۔ باہر
مسموع۔ سنا گیا۔
باور۔ یقین۔
تفضیح۔ تحقیر۔
محضر۔ درخواست
بصرف زر۔ روپیہ صرف کرکے۔
اہل حرفہ۔ کاریگر۔

ص ۱۲۶

عدم تحریر۔ نہ لکھنا۔

استعجاب۔ حیرت کرنے کا۔

صادق الولا۔ سچی محبت والا

آدم شناس۔ انسان کو پہچاننے والا۔

نقب ہے زو۔ سیندھ لگاتا ہے۔

ص ۱۲۷

اختر شناس۔ نجومی۔

مودت۔ دوستی۔

معانقہ۔ گردن لگانا۔

مکالمہ۔ گفتگو۔

بین الذاتین۔ دو ذاتوں کے درمیان۔

تلمذ۔ شاگردی۔

مستنبط۔ نکالے ہوئے۔

ص ۱۲۸

متہین۔ توہین کرنے والا۔

متجاوز۔ بڑھنا۔

جمہور۔ لوگ۔

لطمہ افواج سیلاب بلغیانی کی موجوں کا تھپیڑا۔

مژگان۔ پلکاں۔

جاودانی۔ ہمیشہ کی۔

استعارہ۔ اصلی معنی چھوڑ کر دوسرے معنی لینا۔

محتسب۔ حساب کرنے والا۔

چگونہ۔ کس طرح۔

تجلی۔ نور۔

اساتذہ۔ استاد۔

ص ۱۲۹

[illegible]ل۔ مشغول۔

معترض۔ اعتراض کرنیوالا۔

دارالریاست۔ ریاست کا گھر۔

گزاف۔ بیہودہ

کسوف۔ سورج کا گرہن۔

ص ۱۳۰

مستعمل۔ استعمال کیا گیا۔

عدم اعتنا۔ بے پرواہی۔

ماہِ صیام ۔ روزوں کا مہینہ ۔
غافر ۔ بخشش کرنے والا ۔
متنبہ ۔ تنبیہ کیا گیا
پیرِ خرف ۔ بہت بوڑھا ۔
معرضِ تلف ۔ ضائع ہونے کا میدان
امثال ۔ جمع مثل ۔
نظائر ۔ نظیر کی جمع ۔
معارض ۔ اعتراض کرنے والا ۔

ص ۱۳۱

تاسف ۔ افسوس ۔
ورقہ نامہ ۔ خط ۔ چٹھی ۔
مانعِ نظارہ ۔ نظر آنے سے روکنے والی ۔
مدفون ۔ دفن ۔
تمتع ۔ فائدہ اٹھانا ۔
قباحت ۔ برائی ۔
مجاز ۔ جس میں استعارہ تشبیہ نہ ہو ۔

ص ۱۳۲

فاخر ۔ فخر کرنے والا ۔

حزیں ۔ غمگین
تنک مایہ ۔ کم لیاقت ۔
نمط ۔ طرح ۔ وجہ ۔ قسم ۔
علاقہ ۔ مس ۔

ص ۱۳۳

حکم نشتر ۔ نشتر کی طرح چھپی ہوئی ہے ۔
خونابہ فشانی ۔ خون خالص چھڑکنا ۔
سیف ۔ تلوار ۔
مخیم ۔ خیمہ گاہ ۔
اخلاص ۔ عقیدہ ۔ محبت ۔ ہمدردی
مظنہ محض ۔ صرف ظن ہی کیا گیا ہے ۔

ص ۱۳۴

آشنائے قدیم ۔ پرانے آشنا
عطایا ۔ بخششیں
مقدم کے ۔ آنے کے ۔
محررہ ۔ لکھا گیا ۔

استفتا۔ عالم سے فتوے پوچھنا۔
مسئلہ پوچھنا۔

پایاں۔ آخیر
روئداد۔ سرگزشت۔
روزِ ورود۔ داخل ہونے کے دن۔
گدائے مبرم۔ ضدی فقیر

ص ۱۳۵

خواہاں۔ چاہنے والا۔
استدعا۔ درخواست۔
بایمائے حکام۔ حاکموں کے اشارے سے۔
بحال۔ برقرار۔
متفرع ہوا۔ پھیلا۔
کارساز۔ خدا تعالیٰ۔
نہال ہوگیا۔ خوش ہوگیا۔

ص ۱۳۶

عنایت نامہ۔ عطوفت نامہ۔ چٹھی۔
بے مراد۔ غنی۔ بے نیاز
نامراد۔ محتاج۔
علی الرغم۔ خیال پہ۔

تمول۔ دولت۔
پشت پا مارنا۔ ٹھکرانا۔
اصناف۔ اقسام۔
ریاضت شاقہ۔ سخت محنت کرنا۔
اعراض کر کے۔ پھیر کر۔

ص ۱۳۷

توجیہ۔ وجہ بیان کرنا۔ دلیل دینا۔
مخل۔ خلل انداز۔
شعرائے سلف۔ پہلے شاعر
خودستائی۔ اپنی تعریف کرنا۔
ادق۔ بہت ہی دقیق۔
مغلق۔ بہت مشکل۔ کٹھن۔ پیچیدہ

ص ۱۳۸

عبیر الفہم۔ خشک۔
جوں ۔۔۔۔۔ بیدالخم ما۔ ہم اس دنیا
کو بیلے کی مانند بے پا سمجھتے ہیں۔
بے شبہ۔ بے شک۔

ص ۱۳۹

چرخِ کہن۔ پرانا آسمان۔

نالہ۔ فریاد۔ رونا۔
نورالہیہ بقلبہ باسرار۔ اللہ کا نور اس
کے دل میں بھیدوں سے۔
عینیہ بانوار۔ آنکھ نوروں سے۔
درمی۔ عربی۔
قصد مجادلہ۔ جنگ کا ارادہ۔
آویزش۔ لٹکانا۔ چاہ۔ اٹک۔
کوفت۔ خشکی۔
خرس۔ ریچھ۔
منازعتین۔ جھگڑے۔
تضحیک۔ ہنسی اڑانا۔
مدعیان۔ دعوی کرنے والے
فرط غیظ و غضب۔ غصہ کی
زیادتی۔
رعشہ دار۔ کانپتا ہے۔
مقتضائے۔ تقاضا۔
چندی۔ ٹکڑا۔ حصہ
منضبط۔ مقرر
صہ ۱۴۱ سر آغاز۔ شروع۔

مقلد۔ تقلید و پیروی کرنیوالا۔
کاسہ لیس پیالہ چاٹنے
والا۔ تابعدار۔
نطق۔ کلام۔
آشنا۔ جاننے والا۔
اخذ کیا۔ نکالا۔
مولد۔ جائے پیدائش۔
معنی مآب۔ صاحب لیاقت۔
صہ ۱۴۲
ورق گردانی پڑھنا۔ صفحے کھولنا۔
ظرافت۔ نزاکت۔
کجی۔ ٹیڑھاپن۔
صہ ۱۴۳
تخطیہ۔ صفائی کرنا۔
بارد۔ سست ٹھنڈی۔
منہ آنا۔ دق کرنا۔ ناراض ہونا۔
آگندہ گوش۔ بے پرواہ۔
بحلف۔ قسم۔
دافع ہذیان۔ بکواس کو دفع کرنیوالے

لطائفِ غیبی - خدائی مہربانیاں۔
سہو - غلطی۔
مستعذر - عذر کرنے والا۔
اغلاط - غلط کی جمع۔
فاعتبروا - پس عبرت حاصل کرو۔
اولی الابصار - آنکھوں والا۔
پاسخ نگاری - جواب لکھنا۔

ص ۱۴۴

صہیل - گھوڑے کی آواز۔
صہیل - گھوڑے کے ہنہنانے کی آواز
مصحفِ مجید - قرآن شریف۔
نامسموع - نہ سنا ہوا۔
بہ نیروئے بصر - آنکھ کی طاقت سے۔
از روئے سمع - سننے کی طاقت سے۔
مستغیث - فریادی۔
سماعت - شنوائی۔

ص ۱۴۵

ابعد البعید - بہت دور۔
ناسخ - رد کرنے والا۔

تعرض بیجا - حرف گیری کرنا۔
خامہ - قلم۔
منہاج - طریقہ۔
آلامِ روحانی - روحانی فکر و رنج۔
زمزمہ سنج فغاں - فریاد کا گانے والا۔
معاش - روزی۔
جانگداز - جان کو پگھلانے والی۔
ناروا - نامناسب۔
ماسوہم

ص ۱۴۶

افراط تفریط - کمی بیشی۔
مے فروشم - شراب بیچتا ہوں۔
اکتابہ - کتبے
شوئیدہ باشندہ - دھونے والا۔

ص ۱۴۸

اسلحہ - ہتھیار۔ قباحت - برائی۔
غسالہ ید - ہاتھ کا دھونا۔

ص ۱۴۹

ختم المرسلین - حضرت محمدؐ۔

رحمۃ اللعالمین - جہانوں کیلئے رحمت
خلد - بہشت -

ص ۱۵۰

خوننابہ - خالص خون -
رکاکت - سستی -
ختم العلما - عالموں کی مہر یعنی سب سے بڑا عالم -
قائل - کہنے والا -
معزول - معزول کیا گیا -
دارالحرب - لڑائی کا گھر -
مسیلمہ - جھوٹا نبی تھا -

ص ۱۵۱

مقہور - قہر کیا گیا -
مطعون - طعن کیا گیا -
مغلوب الغضب - غصے میں -
موضوع - وضع کیا گیا -
اورنگ - تخت -
آہنگ - ارادہ -
حصیر - چٹائی -

مجمل - مختصر -

ص ۱۵۲

ایہا الاخ المکرم - کرامت کے بھائی -
مستوجب عتاب - غصے کے لائق -
عس المحققین - تحقیق کرنیوالوں کا کوتوال
عرصہ محشر - لڑائی کا میدان -
بازخواست - بازپرس -
گوشہ نشین - کونے میں بیٹھنے والا -
منت پذیری - منت قبول کرنا -

ص ۱۵۳

مترادف المعنی - ہم معنی -
رند عالم سوز - جہاں کو جلانیوالا رند -
انسب - زیادہ مناسب -
لحد - گوشۂ قبر -
تعقید معنوی - معنوں کی گرہ

ص ۱۵۴

اخی - میرے بھائی -
فوق - اوپر -
متروک - ترک کیا گیا -

محنت پژوہی۔ سخت محنت کرنا۔
حرارت عزیزی۔ جسمانی گرمائی۔
مضمحل۔ کمزور۔
نیاز نامہ۔ چٹھی۔
الی الآن۔ اب تک۔
عندالضرورت۔ ضرورت کے وقت۔
اقصائے عجم۔ عجم و فارس کا انتہا سرا۔
سبکدوشی۔ بری۔
احدیت جلت عظمہ۔ خداوند تعالیٰ
زندہ در گور۔ مصیبت ہیں۔
معاصی۔ گناہ۔
دلریش۔ زخمی۔
بروئے کار۔ کام پر۔
تطویل۔ لمبا ہونا۔

ص ۱۵۵

خلق ہوئی۔ پیدا ہوئی۔

ص ۱۵۶

استفادہ۔ فایدہ۔
مردم چشم۔ آنکھ کی پتلی۔

پیر مغاں۔ شراب خانے کا بڑا کارکن۔
ریش۔ داڑھی۔
پنبہ۔ روئی۔
ایہام۔ وہم ہونا۔
عنا۔ تکلیف۔
کشت و کار۔ کھیتی و کام۔
برگ عافیت۔ آرام کا سامان

ص ۱۵۷

بدنداں گرفتن۔ دانتوں میں پکڑنا۔
تحمل۔ صبر۔ برداشت۔
یک قلم۔ فوراً۔
عازم۔ ارادہ کرنے والا۔
تہنیت۔ مبارکباد۔

ص ۱۵۸

عالم متبحر۔ بڑا لایق عالم۔
عذب البیان۔ میٹھا بیان۔
رطب اللسان۔ میٹھی زبان۔
جراحت پیکان۔ تیر کا زخم۔
ص ۱۵۹۔ پیچ رج۔ مشعل

خدا بخش یا مرزا - خدا بخشے۔
دناءت - کمینہ پن۔
آفاقت کلی - پورا فائدہ۔
افتاں - لوٹنا۔
ضرب المثل - مثال کے طور پر۔
صفحہ ۱۶۰ - عنایت نامہ - خط۔

صفحہ ۱۶۱

طرحی - بنیادی۔
واللہ - خدا کی قسم۔

صفحہ ۱۶۲

استقام - کثافت - نقص۔
اثمار - ثمر کی جمع - پھل۔
منطق - کلام۔
مصیبت زدہ - مصیبت کا مارا۔
غمگسار - غم مٹانے والے۔

صفحہ ۱۶۳

ہم جنس - ہم جیسا۔
وسعِ قدرت - اختیار۔
اسد - شیر۔

خدنگ - تیر۔
استاد پروری - استاد پر عنایت کرنا۔

صفحہ ۱۶۴ - لاحق - لگا ہوا۔
شامہ - سونگھنے والی
سامعہ - سننے والی۔
باصرہ - دیکھنے والی۔
امکنہ - مکان کی جمع۔
برشگال - برسات کا موسم۔

صفحہ ۱۶۵

بول و براز - پیشاب پاخانہ۔
متحمل - حمل کرنے والی۔
تکذیب - جھٹلانا۔
مخمصہ - جھگڑا۔
تولیدِ دمِ صالح - صاف خون کی پیدائش۔

مرقومہ - تحریر۔
نوازش نامہ - شفقت نامہ - خط۔
حرزِ بازو - بازو کا تعویذ

قبائل عشائر - قبیلے اور گروہ
تکیہ دار - تکیہ والا۔

صـ ۱۶۸

مصدرِ فیاض - فائدہ کی جگہ۔
ماخذ - نکلنے کی جگہ۔
ازلی و سرمدی - شروع سے۔
مزہ ابدی - ہمیشہ کا مزہ۔
قبیح - برائی والا۔
غوامض - جائے مغالطہ - نقائص۔
سہام ملامت - شرمندگی کا تیر۔
مدرفشا - تیر۔
صحت - صحیح ہونا۔

صـ ۱۶۹

نفور - نفرت کرنے والا۔
تقدیم و تاخیر - آگا - پیچھا۔
خجستہ - پاک - مبارک۔
کلہش - اطلس کا تاج۔
افسر - تاج۔
فغفور - چین کے شاہوں کا لقب

مہ - چاند۔
ربایندہ دل - دل لے جاتا ہے۔
فضائے رزمگاہ - لڑائی کا میدان۔
سور و سرور - خوشی۔
بمغاک - گڑھے میں۔
شراب طہور - پاک شراب

صـ ۱۷۰

قفا - گدی۔
پیہ - چربی۔
خانۂ زنبور - بھڑ کا چھتہ۔
کافور - موم۔
قامت - قد۔
قبور - قبر کی جمع۔
دل بد سگال - دشمن کا دل۔
کشایندہ - کھولنے والا۔
عقود - عقدہ کی جمع۔
استماع زبور - زبور سننا۔
شب دیجور - اندھیری رات۔
قرون و عہود - صدیاں اور زمانے۔

صد ۱۷۱

سر دار - پھانسی پر -

شگافد - پھوڑتا ہے -

مشعبدہ - دھوکا گاہ

سبحہ - تسبیح - مالا -

نزد - پاس -

بار آوردہ - پھل لایا -

بنشانیم - ہم نے بٹھایا -

حنا - مہندی -

صد ۱۷۲

لائق شمول - شامل کرنے کے قابل

بحدائق الانظار - نظروں کے حدقوں میں

بلائے ناگہانی - اچانک موت -

حصول اطلاع - پتہ ملنا -

صد ۱۷۳

منظر فروز - منظر روشن کرنیوالی -

حنا - مہندی -

نخل مراد - مراد کا پودا -

حشم و خادم - حشمت و مال -

توسن - گھوڑا -

صد ۱۷۴

تاب - مقابلہ -

نصیب دشمناں - دشمنوں کو نصیب -

صد ۱۷۵

جارح - جرح ڈالنے والا -

مضامین اندوہ فزا - غم بڑھانے والے مضمون -

صد ۱۷۶ - محب - محبت کرنے والا -

جان گزا - جان گھٹانے والا -

چراغ سحری - صبح کا چراغ -

مستخفی - پوشیدہ

ریاضت شاقہ - سخت محنت -

تحصیل - حاصل کرنا -

صد ۱۷۷

درفش کاویانی - کاوہ کا جھنڈا -

آفریدگار - پیدا کرنے والا -

درماں - علاج -

مدارج - درجے -

رازدانی ۔ بھید جاننا۔
پری پیکر ۔ پری کے جسم والی۔
ید بیضا ۔ سفید ہاتھ

ص ۱۷۸

صحیفہ نگار ۔ کتاب لکھنے والے۔
حدیقتہ العشاق ۔ عاشقوں کی آنکھیں
مناقب ۔ محلات۔

ص ۱۷۹

فیض رسانی ۔ فیض پہنچانا۔
روز شمار ۔ قیامت کا دن۔
حسن بے مثال ۔ بے نظیر حسن۔
نور افزا ۔ نور بڑھانے والا۔
لعبت ۔ پتلی۔
ممتنع الوقوع ۔ واقع نہ ہونے والا۔

ص ۱۸۰

آداب حرب و ضرب ۔ لڑائی و جنگ کے طریقے۔
سنن ۔ سنت کی جمع
عیاریوں ۔ مکاریوں ۔ چالاکیوں۔

درینولا ۔ اس حالت میں۔
تان سین ۔ مشہور گویا ہوا ہے۔
مانی و بہزاد ۔ مشہور مصور ہو گزرے ہیں۔

ص ۱۸۱

قرۃ العین ۔ آنکھوں کی ٹھنڈک۔
منظور نظر ۔ نظر کو اچھا لگنے والا۔
اولوالابصار ۔ عقلمند لوگ

ص ۱۸۲

جلیل القدر ۔ بڑی قدر والا۔
دودمان ۔ خاندان
نعت و منقبت ۔ حمد و تعریف۔
شاہد معنی ۔ معنوں کا معشوق۔
سواد ۔ سیاہی۔

ص ۱۸۳

ستائشگر ۔ مداح۔
حیلہ جواز ۔ جائز ہونے کا بہانہ
مسموع ۔ سنا جانا۔
دقائق ۔ باریکیاں
دام فیوضہ ۔ اسکے فیض ہمیشہ رہیں۔

شکیب ربا۔ صبر سے جانے والا۔
پیغام صبوحی۔ صبح کی شراب کا۔
ندیموں۔ ہم نوش دوست۔

صد ۱۸۴

ایصال۔ ملنا۔
اپچ۔ نئی بات۔
خشک ریز۔ تنکے گرانے والا۔
ارجمند۔ نیک۔
ستائش۔ تعریف۔

صد ۱۸۵

ناستودگی۔ تعریف نہ کرنا۔
قم عیسے۔ عیسے کا اٹھنا قبر سے

مکین سپند۔ سپند کا رہنے والا۔
سپند۔ بیج کا نام ہے۔
خانوادہ۔ خاندان۔
طغرائے توقیع۔ دست آویز۔
امضائے نجابت۔ شرافت کا ہونا۔
نجابت۔ اصلیت۔ شرافت۔
کج مج۔ ٹیڑھا۔
ستودہ۔ تعریف کیا گیا۔

صد ۱۸۶

گلہائے مقصود۔ مقصد کو سوتی
مابقا۔ جو باقی رہا۔

انوار النحو خلاصہ مصباح القواعد نحو

قیمت ۳ر

ملنے کا پتہ:- ملک نذیر احمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

عالمگیر الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام حافظ محمد عالم پرنٹر چھپوا کر شائع کی